Washington State Department of CHILDREN, YOUTH & FAMILIES

اسکریننگ کے لیے نوٹس اور رضامندی

مقصد: جب اسکریننگ تجویز کی جا رہی ہو، تو والدین کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرنا اور اسکریننگ کرنے سے پہلے والدین کی رضامندی حاصل کرنا۔

بچے کا نام	**تاریخ پیدائش**	**فیملی ریسورسز کو آرڈینیٹر**

نوٹس کی وجہ

ESIT پروگرام کے لیے اسکریننگ (شناخت) کی سرگرمیاں انجام دینے سے پہلے ایک معقول وقت میں آپ کو ایک پیشگی تحریری نوٹس دینا ضروری ہے۔ اس بات کا تقاضہ کیا جاتا ہے کہ آپ ذیل میں اپنے دستخط کے ذریعے ان سرگرمیوں کے لیے باخبر، تحریری رضامندی دیں۔ اسکریننگ کا مقصد ESIT پروگرام کے تحت آپ کے بچے/بچی کو درکار جائزہ/تشخیص کی ضرورت کا تعین کرنا ہوتا ہے۔ یہ اس نوٹس کے لیے آپ کا بیان ہے۔

(1) آپ کو اس سرگرمی (سرگرمیوں) کے متعلق آپ کی مادری زبان یا ابلاغ کے کسی دوسرے طریقے، بشمول اشاروں کی زبان، بریلی، یا زبانی رابطے کے ذریعے سے تمام معلومات فراہم کر دی گئی ہیں، جن کے لیے رضامندی مانگی گئی ہے (ماسوائے یہ کہ ایسا کرنا ممکن نہ ہو)؛ (2) یہ کہ آپ ان سرگرمیوں کو انجام دیے جانے کو سمجھتے ہیں اور ان سے اتفاق کرتے ہیں؛ (3) رضامندی سرگرمی (سرگرمیوں) کی وضاحت کرتی ہے اور ارلی انٹروینشن کے ان ریکارڈز (اگر کوئی ہوں تو) کو بیان کرتی ہے، جو جاری کیے جائیں گے اور یہ کہ کسے جاری کیے جائیں گے؛ اور (4) آپ کی رضامندی رضاکارانہ ہے اور آپ کسی بھی وقت تحریری طور پر منسوخ کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ رضامندی کو منسوخ کر دیتے ہیں، تو اسکا اطلاق ماضی پر نہیں ہوتا (اس کا اطلاق کسی ایسے عمل پر نہیں ہوتا، جو رضامندی کے منسوخ کیے جانے سے پہلے کیا گیا ہو)۔

مجوزہ عمل

آپ کے بچے/بچی کی اسکریننگ نشوونما سے متعلق درج ذیل شعبوں میں کی جائے گی: ادراک، بڑی حرکات، نفیس حرکات، ابلاغ، سماجی-جذباتی، مطابقت پذیری، تصوّرات اور سماعت کی صلاحیتیں۔ اسکریننگ کے نتائج کو ESIT پروگرام کے تحت جائزہ/تشخیص کی ضرورت کے تعین کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ تاہم، اگر اسکریننگ کے عمل کے دوران آپ کسی بھی وقت ایک جائزے کے لیے درخواست یا رضامندی دیتے/دیتی ہیں، تو اگر آپ کے بچے/بچی پر کسی معذوری کا شک نہ بھی ہوا، تو اس کا جائزہ پھر بھی لیا جائے گا۔ اسکریننگ کے دوران حاصل ہونے والے نتائج اور معلومات کو رازدارانہ رکھا جائے گا۔

وضاحت

اسکریننگ کیسے کی جاتی ہے، اس کا دارومدار آپ کے بچے/بچی کی انفرادی ضروریات پر ہے۔ اس میں طبی/نشوونما کے ریکارڈز کا جائزہ، والدین کا انٹرویو، بچے کا ذاتی مشاہدہ اور/یا نشوونما کی اسکریننگ کے رسمی اور غیر رسمی آلات کا استعمال شامل ہو سکتا ہے۔ اسکریننگ کرنے والا شخص آپ کے ساتھ ان طریقوں اور نتائج کے بارے میں بات چیت کرے گا۔

حتمی اوقات

اگر یہ بات طے ہو جاتی ہے کہ آپ کے بچے/بچی کو جائزہ/تشخیص کی ضرورت ہے، تو جب آپ کا بچہ/بچی ESIT پروگرام کی جانب ریفر کیا گیا تھا/تھی، اُس تاریخ کے بعد جائزہ/تشخیص اور ایک انڈوجولائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) کی تیاری کو 45 تقویمی دنوں کے اندر مکمل کرنا لازمی ہو گا۔ اگر آپ کے خاندان کو 45 دن سے زیادہ اضافی وقت چاہیے، تو یہ بات اہم ہے کہ آپ اپنے فیملی ریسورس کو آرڈینیٹر کو بتائیں۔

وہ تاریخ جب آپ کے بچے کو ESIT پروگرام کے لیے ریفر کیا گیا تھا۔ ____________

رضامندی کا اقرار اور بیان

میں نے اس نوٹس کے ساتھ IDEA (ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، *انڈیویجوئلز ود ڈِس ایبلٹی ایکٹ (IDEA) حصہ C پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]) کے حصہ C کے تحت اپنے حقوق، کی ایک عدد نقل وصول کر لی ہے، اس نوٹس کے ساتھ۔*

____

والدین کا دستخط

میرے لیے ان حقوق کی وضاحت کر دی گئی ہے اور میں انہیں سمجھتا/سمجھتی ہوں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میری رضامندی رضاکارانہ ہے اور یہ کہ میں اس فارم پر دستخط کرنے کے بعد کسی بھی وقت اپنے بچے کی اسکریننگ نہ کروانے کا انتخاب کر سکتا/سکتی ہوں۔ مجھے سمجھ ہے کہ اگر میں اس اسکریننگ کے لیے رضامندی نہ دوں، تو میرے بچے/بچی کی اسکریننگ نہیں ہو گی۔ مجھے سمجھ ہے کہ اسکریننگ کے عمل کے دوران میں کسی بھی وقت اپنے بچے/بچی کے جائزہ کے لیے کہہ سکتا/سکتی ہوں اور یہ کہ اس کا جائزہ لیا جائے گا۔

☐ میں مطلع رضامندی دیتا/دیتی ہوں ☐ میں مطلع رضامندی نہیں دیتا/دیتی کہ ESIT پروگرام مندرجہ بالا کوئی سرگرمی (سرگرمیاں) سر انجام دے۔	
والدین کا نام جلی حروف میں	
والدین کا دستخط	**تاریخ**

فروری 2012

موصول کردہ منجانب نام/عہدہ/ایجنسی	**تاریخ**

منسلکات؛ ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، *انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجوکیشن ایکٹ (IDEA)* حصہ C *کے پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]*

نوٹ والدین کو اس فارم کی ایک نقل ملے گی اور ایک دستخط شدہ نقل بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈ میں شامل کی جائے گی۔

فروری 2012